گلدستۂ اخبار

——— خلیفہ قادیان اوائل مئی میں بغرض تبدیل آب وہوا ڈیرہ دون گئے تھے صرف ایک ہفتہ ٹھیر کر واپس آ گئے۔

——— قادیان کے مختلف دفاتر میں سہولت کیلئے ٹیلیفون کی تاریں لگائی گئی ہیں۔

——— مفتی محمد صادق بھی بیمار رہے ہیں۔

——— قادیان سے ایک مرزائی لڑکی نے مولوی عالم کا امتحان دیا ہے اور ایک لڑکی نے ایف اے کا۔

——— امسال دسویں جماعت کے امتحان میں قادیان سے تیرہ لڑکیاں شامل ہوئی تھیں جن میں سے پانچ کامیاب ہوئیں۔

——— سید زین العابدین شاہ قادیان سے علاقہ کشمیر میں گئے ہوئے تھے۔ جو واپس آ گئے ہیں۔

——— بمبئی میں محرم کے موقعہ پر ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ ۲۲۔مئی تک ۱۳۸ اشخاص ہلاک ۱۶۰۱ مجروح ہو چکے ہیں۔

——— کمشنر اجمیر پر حملہ کرنے والے کو دس سال قید سخت کی سزا دی گئی۔ دو اور جرائم میں تین تین سال کی مزید قید ہوئی۔

——— سر فضل حسین رخصت پر جا رہے ہیں۔ ان کی جگہ چودھری ظفر اللہ خان احمدی اگزکٹو کونسل کے قائمقام ممبر ہونگے۔

——— کشمیر میں اب کشمیری پنڈتوں نے شورش پیدا کر رکھی ہے کہ جو اصلاحات اب کشمیر میں نافذ ہونگی وہ ہمیں منظور نہیں۔

——— بنگال کے مشہور لیڈر بپن چندر پال فوت ہو گئے۔